# ایک بل

نگران حکومت کے دورانیئے میں خیبر پختونخواحکومت کے مختلف محکموں کی جانب سے ابتدائی بھرتی کے ذریعے غیر قانونی طور پر بھرتی کیئے گئے ملازمین کی برطرفی کی عرض سے۔

ہرگاہ کہ یہ امر قرین مصلحت ہے کہ خیبر پختونخوا کے مختلف محکموں کی جانب سے نگران حکومت کے دورانیئے میں غیر قانونی طور پر بھرتی کیئے گئے ملازمین کو ہٹایا جائے اوراس سے متعلقہ امور کا جائزہ لیا جائے۔

لہذا صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا مندرجہ ذیل قانون وضع کرتی ہے۔!

(1)۔ مختصر عنوان، نفاذ، توسیع اور آغاز:--- (1) ایکٹ ہذا کو خیبر پختونخوا ملازمین (ملازمت سے برطرفی) ایکٹ 2025 کے نام سے موسوم کیا جائے۔

(2) اس کا اطلاق ان تمام ملازمین پر ہوگا۔ جیسا کہ ایکٹ ہذا کی دفعہ 2 کی شق (ہ) میں بیان کیا گیا ہے۔

(3) یہ تمام صوبہ خیبر پختونخوا پر وسعت پذیر ہوگا۔

(4) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

(2)۔ تعریفات:---ایکٹ ہذا میں تاوقتیکہ عنوان یا متن میں کوئی امر منافی نہ ہو،۔

(الف) "تعیناتی کرنے والی اتھارٹی" سے وہ اتھارٹی، جو متعلقہ قواعد کے مطابق محکمے میں کسی عہدے پر بھرتی کرنے کا مجاز ہو، مراد ہے۔

(ب) "نگران حکومت" سے وہ حکومت جو گورنر خیبر پختونخوا کی جانب سے بتاریخ 1،2،2023 کو آئین کے آرٹیکل 105 کی شق (3) کے تحت مقرر کی گئی، جو بتاریخ 18،1،2023 کو صوبائی اسمبلی کی تحلیل کے بعد وجود میں آئی مراد ہے۔

(ج) " آئین" سے اسلامی جمہوریہ پاکستان کا 1973 کا آئین مراد ہے۔

(د) " محکمہ" سے کسی دوسرے قانون یا قواعد میں موجود کسی اور امر نقیص کے باوجود وقتی طور پر حکومت کا ایک محکمہ، اس سے منسلک محکمہ، کوئی دوسرا ادارہ، ادارہ یا ایجنسی جو حکومت کی جانب سے قانونی طور پر یا دوسری صورت میں قائم کی گئی ہو مراد ہے۔

(ہ) " ملازم" سے کوئی بھی ملازم جو مختلف محکموں کی جانب سے نگران حکومت کے دورانیے میں جو کہ 2023،01،22 سے لیکر 2024،02،29 پر محیط ہے۔ صوبہ خیبر پختونخوا میں باقاعدہ پوسٹوں پر، ابتدائی بھرتی کے ذریعے تعینات شدہ ملازم مراد ہے ماسوائے ان ابتدائی بھرتی کے ذریعے تعینات شدہ ملازمین کے جو!

(1) کسی عدالت کے حکم یا فیصلے کے تحت مقرر کئے گئے ہوں؛

(2) خیبر پختونخوا پبلک سروس کمیشن کی سفارشات پر مقرر کئے گئے ہوں۔

(3) خیبر پختونخوا سول سرونٹس (تعیناتی، پروموشن اور ٹرانسفر) رولز 1989 کے قاعدہ نمبر 10 کے ذیلی قاعدہ (4) کے مطابق فوت شدہ ملازم کے کوٹے کے تحت کسی سرکاری ملازم کی وفات یا معذوری کی صورت میں؛

(4) خیبر پختونخوا سول سرونٹس (تعیناتی، ترقی اور تبادلہ) رولز 1989 کے قاعدہ نمبر 10 کے ذیلی قاعدہ نمبر (5) کے مطابق اقلیتوں کے کوٹے پر۔ اور

(5) ان صورتوں میں جہاں ٹسٹ اور انٹرویوز الیکشن کمیشن آف پاکستان کے نوٹیفیکیشن نمبر F.No.2(1)/2023-cord, مورخہ 22،01،2023 کے اجراء سے پہلے منعقد کئے گئے ہوں۔

(و) ''حکومت'' سے خیبر پختونخوا کی حکومت مراد ہے۔

(ز) ''ابتدائی بھرتی'' سے وہ تقرری جو ترقی یا تبادلے کے علاوہ کی گئی ہو مراد ہے۔ اور

(ح) ''مستقل عہدہ'' سے ایک مستقل عہدہ جو متعلقہ محکمہ کے تحت بغیر کسی وقت کے تعین کے منظور شدہ ہو مراد ہے۔

(3)۔ملازمین کی حیثیت:--- (1) غیر قانونی طور پر تقرر کئے گئے ملازمین کو ایسا سمجھا جائے گا کہ ان کو سرے سے تعینات ہی نہیں کیا گیا ہے۔ اور ان کی تقرری کالعدم قرار دی جائے گی۔

وضاحت:--- دفعہ ہذا کے مقصد کے لئے، اظہار ''غیر قانونی تقرری'' سے وہ تقرری جو الیکشن ایکٹ 2017 (ایکٹ نمبر 33، 2017) اور الیکشن کمیشن آف پاکستان کی ہدایت کے مطابق نوٹیفیکیشن نمبر

F.No.2(1)/2023-cord, بتاریخ 22،01،2023 کی خلاف ورزی میں کیا ہو مراد ہے۔

(2) متعلقہ محکمہ، ذیلی دفعہ (1) کے مقصد کے لئے اس سلسلے میں ایک نوٹیفیکیشن جاری کرے گا۔

(3) ملازمین کے اعلان پر ذیلی دفعہ (1) کے تحت، تمام مراعات جو اس عہدے کے تحت ملازمین کو حاصل تھیں۔ جن پر وہ غیر قانونی طور پر تعینات کئے گئے تھے۔ فوری طور پر بند کر دئے جائیں گی۔

(4)۔استثنیٰ:---ایکٹ ہذا کے تحت کی گئی کسی بھی کاروائی کے خلاف کوئی مقدمہ یا کوئی اور قانونی کاروائی نہیں کی جائے گی۔

(5)۔مشکلات کا ازالہ:--- اگر ایکٹ ہذا کی دفعات کو نافذ کرنے میں کوئی مشکل پیش آئے تو اسے غور و فکر اور فیصلے کے لئے مندرجہ ذیل کمیٹی کو بھیجا جائے گا۔ یعنی!

(الف) اسٹیبلشمنٹ ڈیپارٹمنٹ کا سیکرٹری؛---------------چیئرمین

(ب) ایڈوکیٹ جنرل، خیبر پختونخوایااسکانامزدکردہ جوکہ

ایڈیشنل ایڈوکیٹ جنرل کے رینک سے کم نہ ہو؛------------رکن

(ج) لاء، پارلیمنٹری افیسرز اینڈ ہیومن رائٹس ڈیپارٹمنٹ

کاسیکرٹری یااسکانامزدکردہ ایڈیشنل سیکرٹری کے عہدے سے کم نہ ہو؛----------رکن

(د) فنانس ڈیپارٹمنٹ کاحکومتی سیکرٹری یااسکانامزدکردہ جوکہ ایڈیشنل

سیکرٹری کے رینک سے کم نہ ہو؛------------رکن

(ہ) ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کاحکومتی سیکرٹری یااسکانامزدکردہ

جوکہ ایڈیشنل سیکرٹری کے رینک سے کم نہ ہو؛------------رکن

(و) متعلقہ ایڈمنسٹریٹوڈیپارٹمنٹ حکومتی سیکرٹری یااسکااسکانامزدکردہ

ایڈیشنل سیکرٹری کے رینک سے کم نہ ہو؛---------رکن

(ز) سپیشل سیکرٹری (ریگولیشن) اسٹیبلشمنٹ ڈیپارٹمنٹ؛ ------------رکن کم سیکرٹری

(2) ایکٹ ہذاکے نفاذیااس سے منسلک کسی مشکل کے حوالے سے کمیٹی کافیصلہ حتمی ہوگا،اور متعلقہ محکمہ اس کے مطابق اسے نافذکرنے کاپابند ہوگا۔

(6)۔<u>رپورٹ</u>:-- (1) حکومت کا اسٹیبلشمنٹ ڈیپارٹمنٹ،ایکٹ ہذاکے نفاذکے حوالے سے حکومت کو پروگرس رپورٹ جیسے اسٹیبلشمنٹ ڈیپارٹمنٹ متعین کرے پیش کرے گا۔

(2) متعلقہ محکمہ، ایکٹ ہذا کے آغاز سے تیس (30) دنوں کے اندر اندر ایکٹ ہذا کے نفاذ کے حوالے سے، مذکورہ محکمے میں غیر قانونی طور پر تعینات کئے گئے ملازمین کے بارے میں حکومت کے اسٹیبلشمنٹ ڈیپارٹمنٹ کو ذیلی دفعہ (1) کے تحت حتمی رپورٹ پیش کرے گا۔

## بیان اغراض و وجوہ

مستحسن ہے کہ حکومت کے بہتر مفاد میں، نگران حکومت کے دور اقتدار میں ابتدائی بھرتی کے زریعے حکومت خیبر پختونخوا کے مختلف محکموں کی جانب سے غیر قانونی طور پر کی گئی بعض ملازمین کی تقرریوں کو غیر قانونی قرار دیا جائے۔ لہذا بل ہذا پیش کیا جاتا ہے۔